Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़

روزنامہ عوامی نیوز

کلکتہ • جمعرات، ۱۹؍فروری ۲۰۲۶ء • بمطابق یکم؍رمضان المبارک ۱۴۴۷ھ •
Thursday, 19th February, 2026 • RNI No. WBURD/2014/56804 •
Pages-12 • 48 :شمارہ • 13 :جلد • KOLKATA •

E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com,
Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332

₹5/- only

کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com

بے باک صحافت کا علمبردار

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ کُمَا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ کَمَا
کُتِبَ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ

ترجمہ::اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کئے گئے جیسے تم سے پہلے کے لوگوں پر فرض کئے گئے تا کہ تم پرہیزگار اور متقی بن جاؤ (سورۃ البقرہ)

صمیم قلب سے ماہِ صیام کی مبارکباد قبول فرمائیں

منجانب: کولکاتا ٹور اینڈ ٹراویلس

رمضان المبارک کے مقدس موقع پر عمرہ کی سعادت حاصل کریں
اس کے علاوہ ہماری دیگر خدمات حاصل کریں

حج پیکج | زیارت پیکج | عمرہ پیکج

زیارت پیکیج

Services

مسجد اقصیٰ، عراق، مصر کی زیارت | ٹکٹ اور ویزا کی فراہمی | فورکس کی سہولت

CUSTOMISED UMRAH PACKAGE | MANPOWER CONSULTANT

OUR HEAD OFFICE
KOLKATA TOURS & TRAVELS (I) PVT. LTD
Recognised by Ministry of Minority Affairs (Hajj) Govt. of India
MOB : 9830146833 | 9836445372 | 9330689678 | 9957535980
BRANCH OFFICE : H. NO. 33, Elora Upa Path, Hatigaon , Beltola, Sanjogi Path, Guwahati, Assam - 781038
HEAD OFFICE : 209, AJC Bose Road , Karnani Estate, 1st Floor Office No. 6 Kolkata - 700017
E-mail: ktt_in@hotmail.com | kttguw@gmail.com | Website : www.kolkatatours.net

شَهرُ رَمضانَ الَّذِی أُنزِلَ فِیهِ القُرءانُ هُدًی لِلنّاس
رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو لوگوں کیلئے سراسر ہدایت ہے (القرآن سورہ بقرہ)
لَو أَنزَلنا هٰذَا القُرءانَ عَلىٰ جَبَلٍ لَرَأَيتَهُ
خٰشِعًا مُتَصَدِّعًا مِن خَشيَةِ اللَّهِ
اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارتے تو اللہ کے خوف سے پہاڑ ریزہ ریزہ ہوجاتا
قادری دواخانہ
رمضان مبارک
کی طرف سے معزز خریدار حضرات کی خدمت میں دل کی بے پناہ گہرائیوں سے
جوڑو کے درد میں کافی مفید ہے
FOR JOINT PAIN VERY USEFUL
HABB-E-SURANJAN KHURD-O-KALAN
AAM KAMZORI MEIN KAMYAB HAI
PUSHTAK CHURNA
جریان، کثرت احتلام سرعت انزال ضعف باہ اور جملہ امراض مردانہ میں بہت مفید ہے
گیسٹک کے درد میں بدہضمی، بھوک کی کمی دردجگر، قبض، سینے کی جلن اور پیٹ کے امراض میں بہت مفید ہے
GASTRIC KE DARD MEIN?
QADRI QABZTROZIN
گھٹیا کے درد میں؟
کسی بھی قسم کے درد چوٹ موچ، گھٹیا، جلنے کٹنے اور بچوں کی مالش میں بہت ہی مفید ہے
GETHIA KE DARD MEIN ?
ZAFRANI TEL
ہر عضوی کمزوری کیلئے کافی مفید ہے
HAR AZOO KI KAMZORI KE LIYE
ZAFRANI MALT
TAMAM BEMARIO KA ELAJ
QADRI HERBAL KALONJI OIL
تمام بیماریوں کے علاج میں کام آتا ہے
Zafrani Tonic
ہر عضوی کمزوری کیلئے کافی مفید ہے
HAR AZOO KI KAMZORI KE LIYE
ZAFRANI TONIC
Rhuma Kill Oil
گھٹیا، جوڑوں اور کمر کے درد کیلئے مفید ہے
Gethia, Joro aur kamar ke dard ke liye mufid
Rhuma Kill Oil
ZIABETUS-C
ذیابطیس ۔سی:
یہ دوا پیشاب اور خون سے شکر کو کم کر کے اسے معمول پر لے آتی ہے۔ اس کا طویل مدت تک استعمال بے حد فائدہ مند ہے۔
INCREASES SEX VIGOUR BY ACTIVATING THE GLANDULAR & NERVOUS SYSTEM
KESAR FORTE
جنسی قوت بڑھانے اور خوشیوں کے لمحات کو پُرمسرت بنانے اور نسوں کی کمزوری کو دور کرنے کیلئے مفید ہے
COUGHRIN SYRUP
نزلہ اور زکام کو دور بھگائیں
NAZLA AUR ZUKHAM KO DOOR BHAGAYE
Coughrin Syrup
Sohag Ratan
سردرد، سر چکر اور بالوں کو گرنے سے روکتا ہے
SAR DARD, SAR CHAKAR AUR BALO KO GIRNE SE ROKTA HAI
Sohag Ratan
قادری دواخانہ
Qadri Dawakhana ™
LARGEST UNANI G.M.P. CERTIFIED COMPANY
An ISO 9001:2015 Certified Company
Head Office : B-35/1, Iron Gate Road, Kolkata - 700 024, Ph : 033-2469-3173

ہمیشہ استعمال کریں
خالص گلاب سے بنا
بلبل برانڈ
گلاب پانی، کیوڑہ پانی
اور ذائقہ دار میٹھا عطر
رابطہ قائم کریں:
9830021318 | 9051347096

Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
عوامی نیوز
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

شہر کلکتہ میں حج، عمرہ اور مقدس زیارت کیلئے ایک جانا مانا نام
فلک ٹور اینڈ ٹراویلس
نہایت ہی مناسب دام میں حج، عمرہ اور مقدس مقامات کی زیارت حاصل کریں
حاجیوں کیلئے خصوصی رعایت کا انتظام ہے۔
FALAK TOUR & TRAVELS
1/1A, Kasai Basti Cross Lane, (Narkeldanga), Kolkata - 11
8777507829 | 7605807814 | 8777507829

پاکستان کے لیے کھڑی ہونے والی ہے بڑی مشکل، سندھ ندی کے بعد ہندوستان راوی کا پانی روکنے پر کار بند

18 فروری: سندھ آبی معاہدہ کی معطلی کے بعد ہندوستان اب پاکستان کے لیے مزید ایک بڑا سفارتی و آبی قدم اٹھانے کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ اطلاعات کے مطابق مرکزی حکومت راوی ندی کے اُس پانی کو بھی پاکستان جانے سے روکنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے جو ہندوستان کے حصے میں آتا ہے۔ اگر یہ فیصلہ عملی صورت اختیار کرتا ہے تو گرمی کے موسم میں پاکستان کو شدید آبی قلت کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔
پنجاب اور جموں و کشمیر کی سرحد پر تعمیر ہو رہا شاہپور کنڈی باندھ (باقی صفحہ 9 پر)

بی جے پی کی اقلیت مخالف ذہنیت اُبھر آئی مہاراشٹر میں مسلمانوں کیلئے ریزرویشن ختم

ممبئی، 18 فروری: مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن نہیں ہے۔ مہاراشٹر میں دیویندر فڈنویس کی قیادت والی عظیم مخلوط حکومت نے سرکاری اور نیم سرکاری ملازمتوں اور تعلیم میں مسلمانوں کے لیے مجوزہ ریزرویشن کو ختم کر دیا ہے۔ کانگریس اور این سی پی کی اتحادی حکومت نے 2014 میں اس ریزرویشن کو متعارف کرانے کی تجویز پیش کی تھی۔

2014 میں مہاراشٹر اسمبلی انتخابات سے چند ماہ قبل، اس وقت کی کانگریس–این سی پی حکومت نے ایک آرڈیننس جاری کیا (باقی صفحہ 9 پر)

ممتا بنرجی
عزت مآب وزیر اعلیٰ
کی سنجیدہ پہل پر
گزشتہ برسوں کی طرح امسال بھی
رمضان المبارک

کے پاک و بابرکت موقع پر
محکمہ رسد و خوراک "انتودیا انا یوجنا"
(اے اے وائی) کے تحت فی خاندان کو
خاص پیکیج (ایس پی ایچ ایچ) کے تحت ضروری
اشیاء فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے

حسب ذیل اشیاؤں کو راشن دکانوں سے 19 فروری تا 19 مارچ 2026 تک رعایتی قیمتوں میں فراہم کیا جائے گا۔

خوردنی اشیاء کا نام	مقدار	اشیاء کی قیمت (فی کیلو)
1۔ چینی (رعایتی قیمت پر)	فی خاندان 1	کیلو 32 روپے
2۔ میدہ (رعایتی قیمت پر)	فی خاندان 1	کیلو 30 روپے
3۔ چنا (رعایتی قیمت پر)	فی خاندان 1	کیلو 65 روپے

ICA- D327(16)/2026
تفصیلی جانکاری حاصل کرنے کے لئے ٹال فری نمبر 1967 یا 1800-345-5505 پر فون کریں۔
9903055505 اس واٹس ایپ نمبر پر کال کریں یا میسج کریں۔ اس ویب سائٹ پر
https://food.wb.gov.in | www.facebook.com/WBDFS | X@wbdfs پر جانکاری حاصل کریں۔
محکمہ رسد و خوراک، حکومت مغربی بنگال نے عوامی مفاد کے لئے شائع کیا ہے

بِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ
اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

وقت افطار	فروری	ختم سحری	رمضان
05 40	19	04 44	01

Nargis BRAND
AMMAN BRAND MEHRA BROS
نرگس اعلیٰ معیاری لنگیاں
امّان گولڈ لنگیاں
NARGIS TEXTILES PVT. LTD. KOLKATA

رمضان کریم مبارک
01
ختم سحری 4:44
وقت افطار 5:40
رمضان میں افطار اور سحری میں لذت والا ایک استعمال کریں
باپوجی کیک
ہر جگہ دستیاب ہے
باپوجی کیک کھاتے وقت (R) نشان مارک کے علاوہ نیو ہوڑہ بیکری باپوجی پرائیویٹ لمیٹیڈ مارک ضرور دیکھ کر خریدیں۔

وقت افطار 05:36
وقت سحر 04:50
دعائے افطار
اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ
دعائے سحری: بِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ
ارسلان
ریسٹورینٹ اینڈ کیٹیر
ARSALAN
RESTAURANT & CATERER

رمضان مبارک
ARSALAN®
RESTAURANT & CATERER
نقشہ سحر و افطار رمضان المبارک
ارسلان
ریسٹورینٹ اینڈ کیٹیرر

RAMZ	DAYS	SAHRI	IFTAR	دن / فروری
01	THU	4:50	5:36	19 جمعرات
02	FRI	4:49	5:37	20 جمعہ
03	SAT	4:49	5:37	21 سنیچر
04	SUN	4:48	5:38	22 اتوار
05	MON	4:47	5:38	23 سوموار
06	TUE	4:47	5:39	24 منگل
07	WED	4:46	5:39	25 بدھ
08	THU	4:45	5:40	26 جمعرات
09	FRI	4:44	5:40	27 جمعہ
10	SAT	4:44	5:41	28 سنیچر
11	SUN	4:43	5:41	1 مارچ اتوار
12	MON	4:42	5:42	2 سوموار
13	TUE	4:41	5:42	3 منگل
14	WED	4:40	5:43	4 بدھ
15	THU	4:39	5:43	5 جمعرات

RAMZ	DAYS	SAHRI	IFTAR	دن / مارچ
16	FRI	4:39	5:43	6 جمعہ
17	SAT	4:38	5:44	7 سنیچر
18	SUN	4:37	5:44	8 اتوار
19	MON	4:36	5:45	9 سوموار
20	TUE	4:35	5:45	10 منگل
21	WED	4:34	5:45	11 بدھ
22	THU	4:33	5:46	12 جمعرات
23	FRI	4:32	5:46	13 جمعہ
24	SAT	4:31	5:47	14 سنیچر
25	SUN	4:30	5:47	15 اتوار
26	MON	4:30	5:47	16 سوموار
27	TUE	4:29	5:48	17 منگل
28	WED	4:28	5:48	18 بدھ
29	THU	4:27	5:48	19 جمعرات
30	FRI	4:26	5:49	20 جمعہ

دعائے سحری: بِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ
دعائے افطار: اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

CATERING SERVICE ALSO AVAILABLE
CONTACT BEFORE 24 HOURS
Experience the Class

- 191, Park Street, (7 Point Crossing), Kolkata 17, Phone: 033-22848556/4010/8558
- 28, Circus Avenue, Kolkata - 17, Phone: 033-22281 3921/2290 0487
- 119A, Muzaffar Ahmed Street, (Ripon Street & Mirza Ghalib Street Crossing), Kolkata -16, Phone: 033-22277493/7494
- 23A/29N/2, Diamond Harbour Road Kolkata - 53, Phone: 033-2397 5047/5048
- Hatibagan, 138, Bidhan Sarani, (Beside Hatibagan Town High School) Kolkata-700004, Phone: 033-2554 0392/0393/0397
- 123, Jessore Road (Opp. Shelly Cinema Hall) Kolkata - 700055, Phone: 91633363648/49/50/51/56
- Chinar Park (Rajarhat) Opp. Spencers, Kolkata, Phone : 9163363652/53/54/57/58
- Ruby EM Bypass 1693/A, Lashkar Road (Opp. Clacutta International School) Kolkata - 700039, Phone: 9163363644/45/46/47/55
- Delhi - Rajouri Garden: 9540129797/69797, • Dubai : +971 043979777

www.arsalanrestaurants.com, Email: info@arsalanrestaurants.com, facebook/arsalanrestaurants

Home Delivery Available on
SWIGGY zomato

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | جمعرات، ۱۹ر فروری ۲۰۲۶ء

حلف برداری سے پہلے طارق رحمٰن نے جولائی چارٹر کو مسترد کیوں کر دیا؟

بنگلہ دیش کے نئے وزیر اعظم کے طور پر طارق رحمٰن نے حلف لے لیا۔ ان کی کابینہ میں 51 لوگ شامل کیے گئے ہیں جس میں 41 نئے چہرے ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ نئی نسل کے لیڈر طارق رحمٰن جو سابق صدر ضیاء الرحمٰن کے بیٹے ہیں اور سابق وزیر اعظم خالدہ ضیاء مرحومہ ان کی والدہ تھیں ان کے والد ضیاء الرحمٰن جو ملک کے صدر تھے انہیں ان کے سیکوریٹی گارڈ نے ہوائی اڈے پر گولی مار کر ہلاک کر دیا تھا۔ بہر کیف طارق رحمٰن نے جو 18 برسوں تک برطانیہ میں خود ساختہ جلا وطنی کی زندگی گزار رہے تھے وہ صرف تین ماہ قبل بنگلہ دیش واپس لوٹے جب ان کی والدہ خالدہ ضیاء کی حالت حد سے زیادہ تشویشناک ہو چلی تھی اور انہیں علاج کے لئے لندن لے جانے کا پروگرام تقریباً طے ہو چکا تھا، لیکن ہوائی اڈے پر موجود سنئیر ڈاکٹروں کی ٹیم نے ان کا معائنہ کرنے کے بعد مشورہ دیا تھا کہ انہیں ڈھاکہ کے بہترین اسپتال میں لے جانا چاہئے کیونکہ ان کی حالت اس حد تک بگڑ چکی ہے ان کے لئے طویل ہوائی سفر بڑے خطرے کو دعوت دینے کے مترادف ہوگا جس کے بعد انہیں واپس ڈھاکہ کے ملٹی اسپیشلیٹی والے اسپتال لے جایا گیا، جہاں چند دنوں کے اندر ان کی حالت اس حد تک بگڑ گئی کہ انہیں وینٹی لیٹر میں رکھنا پڑا اور اسی وقت طارق رحمٰن اپنی جلا وطنی ختم کر کے وطن واپس ہوئے لیکن اپنی والدہ سے کوئی گفتگو نہ کر سکے کیونکہ وینٹی لیٹر میں وہ عالم غشی میں تھیں اور دو تین دن اسی وینٹی لیٹر میں رہتے ہوئے ان کی موت واقع ہوگئی۔ بہر کیف خالدہ ضیاء کی سیاسی پارٹی ’’بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی‘‘ کے حامیوں کی تعداد کروڑوں میں تھی اور اس پارٹی کے حامیوں نے یہ سوچ کر کے خالدہ ضیاء نہیں رہیں تو کوئی بات نہیں، ان کے نام پر حکومت چلائی جا سکتی ہے اور انہوں نے خالدہ ضیاء کے بیٹے کے حق میں ووٹ دینے کا فیصلہ کیا اور بی این پی کے مقابلے میں اس وقت صرف جماعت اسلامی ہی اصل حریف تھی اور جماعت اسلامی نے خاص طور پر شیخ حسینہ حکومت کے خلاف مہم چلائی تھی۔ لہذا عوامی لیگ نے جماعت اسلامی کے مقابلے میں بی این پی کو ترجیح دی، لیکن جماعت اسلامی نے پھر بھی اچھی خاصی 77 سیٹیں جیت لی ہیں اور بی این پی کی حکمرانی اور طارق رحمٰن کے خلاف اپنی تحریک جاری رکھ سکتی ہے اور اس لحاظ سے دیکھا جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ بنگلہ دیش میں الیکشن تو ہو گیا لیکن استصواب رائے (ریفرنڈم) ابھی باقی ہے اور یہ ریفرنڈم اسی وقت مکمل ہوگا جب طارق رحمٰن اعتماد کے ووٹ میں کامیابی حاصل کرینگے اور اس وقت جماعت اسلامی کا رویہ کیا ہوتا ہے وہی اصل مسئلہ ہوگا۔ جو لوگ بنگلہ دیش میں اصلاحات لانے کا دعویٰ کرتے ہیں انہوں نے نام نہاد جولائی چارٹر پیش کیا تھا جس میں ان کے مطالبات کی ایک فہرست تھی اور جس نے طلباء کی قیادت میں غدر جیسے حالات پیدا کر دیئے تھے اور انہی سچویشن کے دوران وزیر اعظم شیخ حسینہ کی حکومت الٹ گئی اور انہیں ملک چھوڑ کر بھاگنا پڑا اور ان کی 15 سالہ حکومت کا خاتمہ دو ماہی خونریز تحریک میں ختم ہوگئی تھی، اگست 2024ء میں استصواب رائے میں وہ تمام اصلاحات شامل تھے۔ اس جولائی چارٹر میں جو اصلاحات تھے اس میں وزیر اعظم کے اختیارات کم کر دیئے تھے اور پارلیمنٹ کے اصولوں میں بہت ساری تبدیلیاں شامل تھیں۔ وزیر اعظم کے عہدے کا حلف لینے سے پہلے طارق رحمٰن نے جولائی چارٹر کو مسترد کر دیا اور کہا کہ اصلاحات جو لائے جائیں گے وہ سبھوں کی اتفاق رائے پر محمول ہوگا۔ اس وقت عوام کے منتخب نمائندے بطور وزیر اعظم طارق رحمٰن اپنے عوام کی فلاح و بہبود پر نظر رکھیں گے کیونکہ عوام کے ووٹ نے ہی انہیں یہ عزت بخشی ہے اور وہ عوام کی مرضی پر اصلاحات اور قانون میں تبدیلیاں کریں گے اور ایسے وقت میں طارق رحمٰن کے لئے ایک امتحان ہوگا اور وہ اپنے عوام کے لئے کچھ کر سکتے ہیں یا نہیں، جہاں تک ان کی حکومت کی تشکیل کا سوال ہے تو اس وقت ایسا نہیں لگتا کہ انہیں کوئی خاص پریشانی لاحق ہوگی کیونکہ وہ عوام کے منتخب نمائندے کے طور پر وزیر اعظم بنے ہیں اور عوامی طاقت ہی ایک پائیدار حکومت کی تشکیل کے لئے بہتر ہوگی۔ (خ الف ف)

رمضان المبارک کی پُرنور آمد

محمد فداء المصطفیٰ قادری

رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کی وہ عظیم اور بے مثال نعمت ہے جو سال میں صرف ایک مرتبہ نصیب ہوتی ہے، اور خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس بابرکت مہینے کی قدر و قیمت کو پہچانتے اور اس کے لمحات کو غنیمت جانتے ہیں۔ اب اس مقدس مہینے کی آمد میں چند ہی لمحے باقی رہ گئے ہیں۔ جونہی یہ ماہِ رحمت طلوع ہوتا ہے، فضل و مغفرت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بے شمار برکتیں نازل فرماتا ہے۔ اس مہینے کے دن اور راتیں خصوصی رحمت کا پیغام لے کر آتی ہیں، دعائیں قبولیت کا شرف پاتی ہیں، نیک اعمال کے اجر کو کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے، اور گناہگاروں اور خطا کاروں کو اپنی بے پایاں رحمت کے سائے میں معاف فرما دیا جاتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: جب رمضان قریب آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں، جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں، سرکش شیطانوں کو جکڑ دیا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک منادی اعلان کرتا ہے: اے برائی کے خواہش مند! باز آ جا، اور اے بھلائی کے طلب گار! آگے بڑھ۔ (بخاری)۔ ماہِ صیام اس وقت طلوع ہو رہا ہے جب مسلمان مختلف اور پیچیدہ مسائل میں گھرے ہوئے ہیں، جن کا مقابلہ کرنا اللہ تعالیٰ کی خاص مدد اور نصرت کے بغیر ممکن نہیں، وہی مدد جس کا وعدہ اس نے اپنے مومن بندوں سے فرمایا ہے: یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم انہیں زمین میں اقتدار عطا کریں تو وہ نماز قائم کریں گے، زکوٰۃ ادا کریں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے۔ اور تمام امور کا انجام اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ (الحج ۲۲:۱۴)

آج مسلمان وادیٔ نیل، فلسطین اور جزائرِ عرب جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہیں، اسی طرح ہندوستان، پاکستان، بنگلہ دیش اور مسلم ممالک میں مسلم اقلیت کو درپیش مشکلات بھی نہایت تشویش ناک ہیں۔ اس کے علاوہ یورپ اور افریقہ میں بھی مسلمان بے شمار گمبھیر مسائل میں گھرے ہوئے ہیں، جن سے نجات اللہ تعالیٰ کی خاص مدد کے بغیر ممکن نہیں۔ اور یہ حقیقت ہے کہ اللہ کی نصرت نافرمانی سے نہیں بلکہ اطاعت و فرماں برداری سے حاصل ہوتی ہے۔

لہٰذا اس عظیم اور بابرکت موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے خود کو تیار کیجیے۔ اپنے دلوں کو ہر طرح کی آلائش سے پاک کیجیے، اپنے نفس کو نیکی پر آمادہ کیجیے، پورے شوق اور اخلاص کے ساتھ رمضان کا استقبال کیجیے، کثرت سے توبہ و استغفار کا اہتمام کیجیے اور ہر حال میں اللہ سے اپنا رشتہ مضبوط رکھیے، تاکہ اللہ آپ کے ساتھ رہے۔ جب اللہ ساتھ ہو تو وہ اپنی مدد و نصرت نازل فرماتا ہے، اور جس پر اللہ کی مدد ہو، اس پر کوئی غالب نہیں آ سکتا۔

عبادت کی حکمت: اسلام میں جن اعمال اور عبادات کو فرض یا واجب قرار دیا گیا ہے، ان کے پسِ پشت بڑی گہری حکمت پوشیدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر بے پناہ شفقت فرماتے ہوئے ان کے لیے ایسے اصول مقرر کا ہے جو ان کی دنیا و آخرت کی کامیابی اور فلاح کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اللہ کے حضور قبول ہونے والی عبادت کی سب سے بنیادی شرط خلوصِ نیت اور دل کی یکسوئی ہے۔ اگر عبادت میں اللہ کی رضا مقصود نہ ہو تو وہ بے روح رہ جاتی ہے، نہ اس کی کوئی قدر ہوتی ہے اور نہ ہی اس پر کوئی اجر ملتا ہے۔ اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہت سے روزہ دار ایسے ہوتے ہیں جنہیں اپنے روزے سے سوائے بھوک اور پیاس کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

اسلام کا دوسرا نمایاں اصول یہ ہے کہ وہ بندوں کو تنگی اور مشقت میں نہیں ڈالتا بلکہ آسانی اور سہولت فراہم کرتا ہے۔ اسی بنا پر مریض کو روزہ چھوڑنے کی اجازت دی گئی ہے تاکہ صحت یاب ہونے کے بعد اس کی قضا کر سکے، اور اگر صحت کی امید نہ ہو تو فدیہ ادا کرے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ بغیر کسی عذر کے عبادت ترک کرنا دراصل ہمیشہ کی محرومی اور نقصان کا سبب بنتا ہے۔ تیسرا نہایت اہم پہلو یہ ہے کہ ان تمام عبادات کے اثرات انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں نمایاں طور پر ظاہر ہونے چاہییں۔ یہ فرائض محض رسمی ادائیگی یا ظاہری عبادت کے لیے مقرر نہیں کیے گئے، بلکہ ان کا مقصد آخرت کی کامیابی کے ساتھ ساتھ دنیاوی زندگی کی اصلاح، کردار کی تعمیر اور معاشرے کی بہتری بھی ہے۔ اسلام نے کوئی ایسا عمل فرض نہیں کیا جس کے ثمرات انسان کی عملی زندگی میں جھلکتے نہ ہوں۔ شریعت نے جس چیز کا حکم دیا ہے، وہ سراسر خیر اور بھلائی پر مبنی ہے اور بندوں کی زندگی پر اس کے مثبت اور خوش گوار اثرات مرتب ہوتے ہیں، اور جس کام سے منع کیا ہے، وہ اس لیے کہ وہ انسانی زندگی کے لیے نقصان دہ، تباہ کن اور بگاڑ کا سبب بنتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: پس آج یہ رحمت اُن لوگوں کے لیے ہے جو اس پیغمبر، نبی اُمّی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اختیار کرتے ہیں، جن کا ذکر وہ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ وہ انہیں نیکی کا حکم دیتے ہیں، برائی سے روکتے ہیں، ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال اور ناپاک چیزوں کو حرام قرار دیتے ہیں، اور ان پر سے وہ بوجھ اتار دیتے ہیں جو ان پر لدے ہوئے تھے اور وہ بندشیں کھول دیتے ہیں جن میں وہ جکڑے ہوئے تھے۔ (الاعراف ۷:۱۵۷)

میں مسلم حکومتوں سے پُرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ دیگر ملکی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کی طرح رمضان المبارک کے مہینے میں بلا عذرِ شرعی روزہ نہ رکھنے والوں کے لیے بھی مناسب اور مؤثر سزائیں مقرر کریں، تاکہ کسی کو اس ماہِ مقدس کی حرمت پامال کرنے کی جر?ت نہ ہو۔ اس سلسلے میں صرف چند سرکاری محکموں کی جانب سے اپنے ذیلی اداروں کو رمضان کے احترام پر مشتمل رسمی ہدایات جاری کر دینا کافی نہیں، کیونکہ عموماً نہ ان پر عمل کیا جاتا ہے اور نہ ہی ان کی خلاف ورزی پر کوئی عملی کارروائی کی جاتی ہے۔ لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ وہ اپنی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے اس حوالے سے سنجیدہ، ٹھوس اور مؤثر اقدامات اٹھائے، تاکہ معاشرے میں رمضان المبارک کے تقدس اور عظمت کا حقیقی طور پر تحفظ ہو سکے۔

نیکیوں کا موسمِ بہار: اسلام میں عبادت محض کسی قانونی تقاضے کی ادائیگی یا کسی ظاہری بوجھ سے سبکدوش ہونے کا نام نہیں، بلکہ یہ ربِ کائنات اور بند? مؤمن کے درمیان قائم ہونے والے اُس پاکیزہ اور لطیف روحانی رشتے کی علامت ہے، جو دلوں کو نورِ ایمان سے منور اور سینوں کو سکینت و اطمینان سے لبریز کر دیتا ہے۔ یہ عبادات انسانی روح میں ایسی سرمدی روشنی بکھیرتی ہیں جو گناہوں کی سیاہی، وسوسوں کی گھٹا اور اندیشوں کی تاریکی کو چاک کر دیتی ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ انسان کی اصل عزت و سربلندی اسی میں ہے کہ وہ خاک سے اٹھ کر عبادت کے ذریعے عرشِ الٰہی تک رسائی حاصل کرے اور ربِ ذوالجلال کے حضور سربسجود ہو کر راز و نیاز کے نذرانے پیش کرے۔ رمضان المبارک اطاعت و عبادت کا وہ دلکش موسمِ بہار ہے جس میں اللہ تعالیٰ بندوں کے شب و روز کو نور، برکت اور رحمت کے گل ہائے رنگا رنگ سے آراستہ فرما دیتا ہے، اور یہی اس مہینے کے حسن و جمال کا حقیقی جوہر ہے۔ اطاعت گزاری اگرچہ ہر وقت مطلوب اور ہر آن محبوب ہے، مگر رمضان میں اس کی قدر و قیمت، تاثیر و معنویت اور لطف و لذت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ اس مہینے کی روح اور اس کا جوہر روزہ ہے، جو محض بھوک اور پیاس کا نام نہیں بلکہ ضبطِ نفس، تہذیبِ ارادہ اور تطہیرِ شعور کا جامع عنوان ہے۔ روحانی اعتبار سے اپنی فکر، نیت اور زندگی کے تمام زاویوں کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے قرب کے حصول کا محور بنا لینا ہی تقویٰ ہے، اور روزہ اس تقویٰ کو جلا بخشنے، اسے پروان چڑھانے اور دل کی زمین میں ایمان کی شادابی پیدا کرنے کا سب سے مؤثر اور بابرکت وسیلہ ہے۔

قرآن سے خصوصی تعلق: رمضان المبارک وہ بابرکت مہینہ ہے جو دلوں کو قرآن کے نور سے منور کرنے، روحوں کو اس کی حرارت سے زندہ کرنے اور زندگیوں کو اس کی ہدایت سے ہم کنار کرنے کا پیغام لے کر آتا ہے۔ یہی وہ مہینہ ہے جس میں قرآنِ مجید نازل ہوا، اسی لیے اس ماہِ مقدس میں کلامِ الٰہی کے ساتھ خصوصی تعلق قائم کرنا، کثرت سے اس کی تلاوت کرنا اور دل کی گہرائیوں سے اس کے معانی میں غوطہ زن ہونا ایمان کی تازگی اور روح کی بالیدگی کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے۔ حضرت جبریلِ امین ہر سال رمضان میں بارگاہِ مصطفیٰ میں حاضر ہو کر قرآنِ حکیم سنتے تھے، اور آپ کی حیاتِ طیبہ کے آخری برس یہ سعادت دو بار نصیب ہوئی۔ یہ وہی قرآن ہے جو صحابۂ کرام کے سینوں میں محفوظ تھا، وہی کلامِ ربانی جو ہمارے اسلاف کے قلوب کی دھڑکن تھا، اور وہی صحیفہ ہدایت جو آج بھی ہمارے ہاتھوں میں موجود ہے۔ پھر آخر کیا سبب ہے کہ یہی قرآن اُن کی زندگیوں میں انقلاب بن کر اترا اور ہماری زندگیوں میں محض تلاوت بن کر رہ گیا؟ کیوں اس کے نور نے اُن کے اخلاق کو سنوارا، کردار کو نکھارا اور معاشرے کو بدل دیا، مگر ہمارے اندر وہ حرارت، وہ تاثیر اور وہ ہمہ گیر تبدیلی پیدا نہ ہو سکی؟ کیوں ہمارے دل اس کی آیات سے لرزتے نہیں، ہماری آنکھیں نم نہیں ہوتیں اور ہماری زندگیاں اس کے سانچے میں نہیں ڈھلتیں؟ اس کا راز یہ ہے کہ انہوں نے قرآن کو محض پڑھا نہیں بلکہ جیا؛ انہوں نے اس پر ایمان ہی نہیں لایا بلکہ اس کے سامنے سرِ تسلیم خم کیا؛ انہوں نے اس کے احکام کو الفاظ کی حد تک محدود نہیں رکھا بلکہ عمل کے قالب میں ڈھال دیا؛ انہوں نے اپنی خواہشات، ارادوں اور ترجیحات کو اس کی مرضی کے تابع کر دیا۔ وہ قرآن کے قاری نہیں بلکہ اس کے ترجمان تھے، وہ اس کے سامع نہیں بلکہ اس کے امین تھے۔ اسی لیے تو ڈاکٹر اقبال کا یہ شعر بڑا مقبول ہے:

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر
اور آج ہم خار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

آج بھی اگر ہم اس کتابِ ہدایت کو اسی صدقِ دل، اسی خلوصِ نیت اور اسی سپردگیِ کامل کے ساتھ تھام لیں، تو بعید نہیں کہ ہمارے وجود میں بھی وہی نور اتر آئے، ہمارے اخلاق میں بھی وہی انقلاب برپا ہو جائے اور ہماری زندگیوں میں بھی وہی تازگی اور شادابی لوٹ آئے۔ شرط صرف یہ ہے کہ ہم اس کے حلال کو حلال جانیں، اس کے حرام کو حرام مانیں، اس کی آیات میں تدبر کریں، اس کے احکام کو نافذ کریں اور اپنی پوری زندگی کو اس کے نور میں ڈھال دیں۔ اب یہ سوال ہمارے سامنے ہے کہ کیا ہم اس عظیم تبدیلی کے لیے تیار ہیں؟

صدقہ اور کثرت استغفار: رمضان المبارک کی امتیازی خصوصیات میں کثرتِ صدقہ و خیرات اور غریبوں، محتاجوں اور مساکین کی دست گیری کو نمایاں مقام حاصل ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں دلوں میں ایثار کی چنگاری بھڑکتی اور ہاتھوں میں سخاوت کی روانی اتر آتی ہے۔ نبیِ رحمت سراپا جود و سخا تھے، مگر رمضان میں آپ کی فیاضی تیز رفتار ہوا کی مانند ہو جاتی تھی، جو بلا روک ٹوک ہر سمت خیر و برکت بکھیرتی چلی جاتی ہے۔ گویا یہ مہینہ انسان کو محض عبادت گزار نہیں بلکہ دردِ دل رکھنے والا، ہمدرد اور غم گسار بننے کی تربیت دیتا ہے۔

اسی طرح دعا اور کثرتِ استغفار بھی اس ماہِ مقدس کی خاص عبادات میں شامل ہیں۔ یہ دعاؤں کی قبولیت کا موسمِ بہار ہے، جس میں رحمتِ الٰہی کے دروازے کھل جاتے ہیں، مانگنے والوں کی جھولیاں بھر دی جاتی ہیں اور توبہ کرنے والوں کی لغزشیں معاف کر دی جاتی ہیں۔ روزے دار کی دعا رد نہیں کی جاتی، بلکہ بارگاہِ الٰہی میں قبولیت کا شرف پاتی ہے۔ لہٰذا اے میرے مسلمان بھائیو! کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ مبارک راتیں یوں ہی غفلت کی نذر ہو جائیں اور ہم اللہ کی بے پایاں رحمتیں سمیٹے بغیر، اس کی رضا حاصل کیے بغیر ہی اس ماہِ عظیم سے رخصت ہو جائیں۔ آج جب ہر سمت نفسا نفسی کا عالم ہے، دل بے چین اور روح بے قرار ہے، اللہ تعالیٰ نے رمضان المبارک کو سکونِ قلب اور اطمینانِ روح کا سامان بنا دیا ہے۔ اس مہینے میں دن کو روزے کے ذریعے دنیاوی لذتوں، نفسانی خواہشات اور لغو مشاغل سے کنارہ کشی اختیار کی جاتی ہے، اور رات کو قیام، تلاوتِ قرا?ن اور مناجات کے نور سے دلوں کو منور کیا جاتا ہے۔ یوں یہ مہینہ انسان کو ظاہری و باطنی تطہیر کا پیغام دے کر اسے قربِ الٰہی کی شاہراہ پر گامزن کر دیتا ہے۔

میرے عزیز بھائیو! یہ لمحے بڑی سعادت اور عظیم نعمت لے کر آئے ہیں، اس لیے اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے پہلے ہی دن سے پختہ عزم اور مضبوط ارادے کے ساتھ اس میں داخل ہو جائیے۔ اپنے دل و دماغ کو ہر آن توبہ و استغفار سے زندہ رکھیے اور اپنی کوتاہیوں پر ندامت کے ساتھ بارگاہِ الٰہی میں رجوع کرتے رہیے۔ قرآنِ پاک کی تلاوت کو محض معمول نہ بنائیے بلکہ غور و فکر، تدبر اور خشوع و خضوع کے ساتھ اسے اپنی زندگی کا حصہ بنائیے۔ اپنے نفس کو روزے کی برکتوں، اس کی روحانی تاثیر اور اس کے عظیم فوائد سے روشناس کرائیے۔ حتی المقدور قیام اللیل کا اہتمام کیجیے کہ یہی لمحات قربِ الٰہی کے خاص مواقع ہوتے ہیں۔ ذکر و فکر میں زیادہ سے زیادہ وقت صرف کیجیے تاکہ دل کی دنیا روشن ہو اور روح کو تازگی نصیب ہو۔ مادیت کے فتنوں سے اپنی روح کی حفاظت کیجیے اور پوری کوشش کیجیے کہ اس ماہِ مبارک کے اختتام پر آپ کا شمار متقیوں اور پرہیزگاروں میں ہو۔

رابطہ نمبر 9037099731

عمران خان کو قید سے رہائی دلانے کے لئے 14 عظیم کرکٹ کپتانوں کی زبردست مہم

خورشید فرازی

خدا نے یہ دنیا، یہ زمین آسمان، چاند تارے بنائے، سوائے سرحدی لکیریں کھینچنے کے اور یہ کام خدا نے اپنے بندوں پر چھوڑ دیا کہ جو زمین انسانوں کے رہنے کے لئے بنائی ہے اس زمین پر لکیریں کھینچ کر سرحدوں کو تبدیل کر دو تاکہ ہر کوئی اپنی ڈیڑھ اینٹ کے......! خدا کی اس زمین پر لکیریں تو کھینچ دی گئیں اور سبھی نے اپنے اپنے طور پر سرحدوں کی تعمیر کر لی اور پھر ان کے درمیان جنگ و جدول شروع ہوگئے جس کے نتیجے میں پہلی اور دوسری جنگ عظیم لڑی گئی اور قتل و غارتگری کا سلسلہ ہنوز جاری ہے ابھی تین سالہ یکطرفہ جنگ میں اسرائیل نے 74000 فلسطینیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور ڈھائی لاکھ سے زیادہ بے گناہوں کو حد درجہ زخمی کر دیا جس سے اندازہ ہوا کہ دنیا سے انسانیت مر گئی ہے اور اب اس دنیا میں صرف ظالم اور جابر رہ سکتے ہیں، لیکن یہ سب دیکھنے کے بعد بھی دنیا قائم ہے اور زندگی آگے بڑھتی رہتی ہے، آج ہم جس کا ماتم کر رہے ہیں کل اپنی زندگی کے مسائل میں الجھ کر سب کچھ بھول جانا پڑتا ہے، دیکھا جائے تو اوقت ساری دنیا میں جیسے کہرام مچا ہوا ہے اور یہ کہرام مچانے والا امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور اس کی ناجائز اولاد اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو ہے اور یہ منحنی سا ملک جسے اگر عرب ممالک چاہیں تو اسے چٹکیوں میں مسل کر رکھ دیں لیکن یہ سبھی عرب ممالک امریکی صدر کی چاپلوسی میں لگے ہوئے ہیں، سوائے ایران کے جو تن تنہا امریکی صدر کے مقابلے میں کھڑا ہے جبکہ درجنوں عرب ممالک سبھی ٹرمپ کے لئے قصیدہ پڑھتے رہتے ہیں اور ٹرمپ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ہر وقت ان کی خوشامد کرتے رہتے ہیں، اس وقت بیشتر ممالک ایسے ہیں جو ایک دوسرے سے سخت نفرت کرتے ہیں اور انہیں نفرت کے سوا کچھ آتا بھی نہیں ہے، جیسے روس اور یوکرین کے درمیان دشمنی، انڈیا اور پاکستان کے درمیان دشمنی، امریکہ کی دشمنی انسانیت سے، غرضیکہ یہ نفرت چاروں طرف گردش کر رہی ہے اور اندازہ نہیں ہو پا رہا ہے یہ دشمنی اور آپسی جنگ کب ختم ہوگی، یہ کہنا مشکل ہے، ہندستان میں بھلے ہی جس کی حکومت ہو لیکن ہندستان ایک ایسا ملک ہے جس کے اندر اب بھی انسانیت زندہ ہے اگرچہ اس انسانیت کو ختم کرنے میں مرکز کی حکمراں جماعت پورے طور پر تگ و دو میں مصروف ہے لیکن اس ملک میں انسانیت جو لوگوں کے دلوں میں رچ بس گئی ہو اسے اگر شیطانی قوتیں ختم کرنا بھی چاہیں تو ختم نہیں کر سکتے کیونکہ یہ انسانیت لوگوں کے دل و دماغ میں اس طرح سے اپنا گھر کر چکی ہے جسے فرقہ پرستوں کی ٹولی ختم کرنا چاہے بھی تو کم نہیں کر سکتی، ختم کرنا تو بہت دور کی بات ہے! ہندستان کا پڑوسی ملک پاکستان ہے اور مختلف معاملات کو لے کر ہندو پاک کے درمیان گہری دشمنی ہے جس کی وجہ بھی ہے کیونکہ پاکستان ایک بدترین ملک ہے جہاں کے لوگ بدترین وزیر اعظم اور چوروں کے سردار شہباز شریف کو وزیر اعظم مان کر رہیں اور وہ شخص جس نے پاکستان کو ورلڈ کپ کا تحفہ دیا اور جس نے دنیا کے کئی ممالک کا دورہ کر کے فنڈز کے لئے ہاتھ پھیلائے اور انہیں 22 ملین ڈالر حاصل ہوئے اور اس عظیم شخص عمران خان نے لاہور میں عالیشان کینسر اسپتال کی تعمیر کروائی جو پاکستان میں پہلا کینسر اسپتال ہے اور اس عظیم انسان کو خبیث وزیر اعظم شہباز شریف نے تین برسوں سے الٹے سیدھے الزامات میں پھانس کر جیل میں بند کر رکھا ہے اور اس وقت جیل میں عمران خان کی طبیعت بھی خراب ہے اور اس کے ایک آنکھ کی روشنی تقریباً جا چکی ہے اگر فوری طور پر اس جانب توجہ نہیں دی گئی تو پھر اس کی بینائی جاتی رہے گی۔ عمران خان کے دو بیٹے قاسم (26) اور سلیمان (29) نے کہا کہ گزشتہ 2022 سے وہ اپنے والد سے مل نہیں سکے ہیں، ان کو روبرو دیکھنے کے لئے دونوں پاکستان جانے کے لئے ویزا کی درخواست دی تھی لیکن شہباز شریف حکومت نے ویزا نہیں دیا۔ اس وقت عمران خان کی موجودہ صحت کو لے کر جو بدگمانی پھیل رہی ہے کہ اب وہ زیادہ دن نہیں بچ سکتے ہیں ایسے میں دنیا کے 14 عظیم کرکٹ کپتانوں نے آواز اٹھائی ہے کہ وہ عمران خان کو فی الفور رہا کریں جس میں سنیل گواسکر اور کپل دیو (انڈیا)، کلائیو لائیڈ، ویوین رچرڈ (ویسٹ انڈیز)، ایان بوتھم (انگلینڈ)، رچرڈ ہیڈلی (نیوزی لینڈ) گریگ چیپل، مارک ٹیلر (آسٹریلیا) وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ ان عظیم کرکٹروں نے ایک مشترکہ بیان میں شہباز شریف سے درخواست کی کہ وہ فی الفور عمران خان کو رہا کریں، ایسا نہ ہو کہ جیل میں رہتے ہوئے کوئی المیہ ہو جائے جس کے بعد صورتحال کیا ہوگی اس کا اندازہ کر لینا چاہئے۔ لیکن شہباز شریف جانتا ہے کہ اگر عمران خان کو رہائی ملی تو ان کی پارٹی تحریک انصاف جو بتدریج ختم ہوتی جا رہی ہے وہ ایک نئی زندگی پا لے گی اور ان کی حکومت کا تختہ الٹنے میں دیر نہیں لگے گی۔ پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر جسے ڈونالڈ ٹرمپ کے اشارے پر اعلیٰ فوجی لقب سے نوازا گیا ہے وہ عمران خان کے کٹر دشمن ہیں اور انہوں نے عمران خان کو اڈیالہ جیل کے ایک ایسے سیل میں رکھا ہے جہاں چاروں طرف جنسی امراض میں مبتلا قیدی ہیں۔ جنرل عاصم منیر یہی چاہتے ہیں کہ عمران خان اسی موذی مرض میں مبتلا ہو کر جاں بحق ہو جائے۔

رمضان اللہ کی بے شمار نعمتوں کی قدردانی کا بابرکت اور مقدس مہینہ: صدر ٹرمپ

واشنگٹن، 18 فروری (یواین آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مسلمانوں کو رمضان المبارک کی آمد پر مبارک باد دی ہے، انھوں نے کہا میں دل کی گہرائیوں سے مبارک باد اور نیک تمنائیں پیش کرتا ہوں۔ صدر ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا رمضان اللہ کی بے شمار نعمتوں کی قدردانی کا بابرکت اور مقدس مہینہ ہے، یہ مقدس مہینہ بہت سے امریکیوں کے لیے عبادت اور روزے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ انھوں نے کہا رمضان المبارک خاندانی اور معاشرتی رشتوں کو مضبوط بناتا ہے، ماہ رمضان ہمدردی، خیرات، رحمت اور عاجزی جیسی مشترکہ اقدار کی توثیق کرتا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا آزادانہ طور پر عبادت کرنے کا حق ہماری قوم کی نمایاں پہچان اور خوش حالی اور طاقت کی بنیاد ہے، میری انتظامیہ ہر روز اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ تمام شہری اپنے عقیدے پر عمل کرسکیں، یقینی بنانا ہے کہ ہر شخص بغیر کسی خوف یا ظلم وستم کے آزادی کے ساتھ عبادت کرسکے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ مذہبی آزادی کا مطلب اپنے مذہب پر فخر کے ساتھ بلاخوف عمل کرنے کی آزادی ہے، میں فضل اور خیر سگالی کے مہینے میں دنیا بھر میں اتحاد، امن اور آنے والے سال کے لیے برکتوں کی دعا کرتا ہوں۔

سعودی عرب میں رمضان میں حرمین ہائی اسپیڈ ٹرین سروس کا آپریشنل پلان جاری

ریاض، 18 فروری (یواین آئی) سعودی عرب میں ریلوے حکام نے ماہ رمضان کے دوران حرمین ہائی اسپیڈ ٹرین سروس کا آپریشنل پلان جاری کردیا ہے، یومیہ بنیاد پر ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سعودی ریلوے (سار) نے بتایا کہ 'رمضان کے دوران مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان سفر کی گنجائش بڑھانے کے لیے آپریشنل تیاری مکمل کرلی ہے۔ رپورٹس کے مطابق رمضان سیزن کے پلان میں یومیہ بنیاد پر 100 سے زائد ٹرپس شامل ہیں جو نماز اور عمرہ زائرین کی آمدورفت کے مطابق شیڈول کیے جائیں گے۔ رمضان سیزن کے دوران حرمین ہائی اسپیڈ ٹرین کے ذریعے 1.7 ملین افراد کو سفری سہولت فراہم کی جائے گی، تین ہزار 662 سے زیادہ ٹرپس کا پلان تیار گیا ہے۔ واضح رہے کہ حرمین ہائی اسپیڈ ٹرین کا شمار دنیا کی تیز رفتار ٹرینوں میں ہوتا ہے جس کی انتہائی رفتار 300 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔ یہ اصلاحات مملکت کے وژن 2030 اور قومی حکمت عملی برائے ٹرانسپورٹ اینڈ لاجسٹکس کے مقاصد کے مطابق ہیں۔

ملک بدری سے بچنے کے لیے غیر ملکی نے ویپ کی لیتھیم بیٹری نگل لی

مانچسٹر، 18 فروری (یواین آئی) برطانیہ میں ملک بدری سے بچنے کے لیے ایک غیر ملکی شخص نے انوکھا قدم اٹھاتے ہوئے ویپ کی لیتھیم بیٹری نگل لی، جس پر اسے ایمرجنسی میں اسپتال لے جانا پڑا۔ ہوم آفس کی جانب سے صرف ایک شخص کی ملک بدری کے لیے مقرر کی گئی نجی پرواز کو جمعرات کی صبح اس وقت منسوخ کرنا پڑا جب مذکورہ شخص طیارے تک لے جائے جانے سے کچھ ہی دیر قبل لیتھیم والی ویپ بیٹری نگلنے میں کامیاب ہوگیا۔ ملک بدری سے بچنے کی کوشش کرنے والے شخص کا تعلق مصر سے ہے، برطانوی ہوم آفس نے اسے مجرم قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اسے پہلے بھی ملک بدر کرنے کی کوششیں کی گئی ہیں جس کے دوران اس نے ہنگامہ آرائی کی، آخر کار اسے پکڑ کر برطانیہ سے البانیہ کے راستے مصر بھیجا جانا تھا۔ مصری نژاد شخص کی کوشش وقتی کام کرگئی، ہوم آفس کو البانیہ کے لیے چارٹر پرواز منسوخ کرنا پڑی، تاہم بیٹری نگلنے والے شخص کو اسپتال لے جایا گیا اور علاج کے بعد دوبارہ حراست میں لیا گیا۔ منصوبے کے مطابق اسے دیگر ملک بدر کیے جانے والے افراد کے ساتھ البانیہ بھیجا جانا تھا اور وہاں سے ایک نجی پرواز کے ذریعے مصر روانہ کیا جانا تھا۔ تاہم مجوزہ پرواز سے قبل اسے کئی دن تک علیحدہ حراست میں رکھا گیا، اسی دوران اسے ویپ فراہم کی گئی، اس نے ویپ کی لیتھیم بیٹری نگل لی، جس کے بعد اسپتال میں اس کا کامیاب علاج کیا گیا اور پھر دوبارہ حراست میں واپس بھیج دیا گیا۔ ہوم آفس نے بیان میں خبردار کیا کہ ایسی رکاوٹیں ملک بدری کے عمل کو نہیں روک سکیں گی، اور مشکلات کے باوجود اس ماہ ملک بدریوں میں اضافہ کردیا گیا ہے، موجودہ حکومت ڈیڑھ سال کے عرصے میں 8700 غیر ملکی مجرموں کو ملک بدر کرچکی ہے، اور گزشتہ ڈیڑھ برسوں میں اب تک 60 ہزار سے زائد غیر قانونی تارکین وطن کو برطانیہ سے بے دخل کیا جاچکا ہے۔ خیال رہے کہ ہوم آفس برطانیہ سے افراد کو ملک بدر کرنے کے لیے نجی طیارے چارٹر کرتا ہے، زیادہ تر البانیہ کے لیے، تاہم دیگر یورپی اور طویل فاصلے کے مقامات جیسے نائجیریا اور گھانا کے لیے بھی پروازیں چلائی کی جاتی ہیں۔ واضح رہے کہ ہوم آفس کی جانب سے صرف ایک فرد کے لیے نجی طیارہ چارٹر کرنا انتہائی نایاب عمل ہے، اور عموماً ایسے افراد کے لیے کیا جاتا ہے جو ہنگامہ آرائی کرتے ہوں اور جنھیں برطانیہ سے نکالنے کے لیے ہوم آفس خاص طور پر پرعزم ہو۔

امریکہ کی ترجیح ہے کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہ ہوں: جے ڈی وینس

واشنگٹن، 18 فروری (یواین آئی) نائب امریکی صدر جے ڈی وینس کا کہنا ہے کہ امریکہ کی ترجیح ہے کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہ ہوں، ایران سے مذاکرات کا دوسرا دور بعض صورتوں میں تعمیری رہا ہے تاہم تہران صدر ٹرمپ کی جانب سے متعین کردہ بعض ریڈ لائنز پر بات چیت کیلیے تاحال تیار نہیں ہے۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں نائب امریکی صدر جے ڈی وینس کا کہنا تھا کہ ہم اس پر کام جاری رکھیں گے۔ تاہم صدر ٹرمپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ جب چاہیں یہ کہہ سکتے ہیں کہ سفارتکاری اپنے فطری انجام کو پہنچ چکی ہے۔ رپورٹس کے مطابق انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس بات کی نوبت نہیں آئے گی، ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ اگر ایسا ہوا تو یہ صدر پر منحصر ہے۔ وینس نے اپنے انٹرویو میں ریڈ لائنز کی وضاحت نہیں کی، اُن کا کہنا تھا کہ امریکا کی پہلی ترجیح یہ ہے کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہ ہوں۔

نیویارک کے گرجا گھر میں دھماکہ

نیویارک، 18 فروری (یواین آئی) امریکی ریاست نیویارک کے قصبے بونول کے گرجا گھر میں ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہوگئے۔ امریکی میڈیا کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ دھماکے کے زخمیوں کو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، جن میں سے 2 کی حالت تشویش ناک ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دھماکے سے قبل چرچ میں گیس لیک ہونے کی اطلاع ملی تھی، دھماکہ سے چرچ کو نقصان پہنچا ہے۔ دمشق کے گرجا گھر میں خودکش دھماکا، 20 افراد جان سے گئے پولیس حکام کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ چرچ میں پروپین سلنڈر استعمال ہوتے تھے، واقعے کے مجرمانہ ہونے کے شواہد سامنے نہیں آئے۔

چنگیز خان کا پوتا برکے خان: اسلام قبول کر کے منگولوں کے مظالم کا مقابلہ کرنے والا عظیم سپہ سالار

دبئی، 18 فروری (یواین آئی) برکے خان 1208)ء 1266-ء) منگول فاتح چنگیز خان کے سب سے بڑے بیٹے جوجی خان کا بیٹا تھا، وہ ابتدا میں ایک منگول سپہ سالار تھا مگر تاریخ میں اس کی اصل پہچان اس کے قبولِ اسلام اور ہلاکو خان کے خلاف اس کے کردار سے بنی۔ برکے خان Barqai Khan کی والدہ سلطان خاتون نہایت رحم دل اور نرم مزاج خاتون تھیں، اگرچہ وہ مسلمان نہیں تھیں، لیکن اسلامی تعلیمات اور روحانی شخصیات سے متاثر تھیں۔ اُس دور میں مشہور صوفی بزرگوں، جیسے شیخ محی الدین ابن عربی اور شیخ سیف الدین کا چرچا عام تھا۔ ان بزرگوں کے علم وکردار نے نہ صرف عوام بلکہ منگول حکمرانوں کو بھی متاثر کیا۔ سلطان خاتون نے اپنے بیٹے کو قتل وغارت سے بیزار رہنے کی تعلیم دی۔ یہی تربیت بعد میں اس کی شخصیت میں نمایاں ہوئی۔ اسلام کے بارے میں جاننے کا شوق بڑھا تو اس نے اپنے دربار میں شیخ سیف الدین کو مدعو کیا، جن کی دعوت ورہنمائی سے وہ مسلمان ہوگیا۔ یوں برکے خان منگول حکمرانوں میں اسلام قبول کرنے والا پہلا فرد بنا۔ جب منگول سپہ سالار ہلاکو خان نے مسلم دنیا پر حملے شروع کیے اور بغداد کو تباہ کیا، تو عالمِ اسلام شدید اضطراب میں تھا۔ ایسے وقت میں برکے خان نے کھل کر مسلمانوں کا ساتھ دیا اور مصر کے سلطان سلطان بیبرس کو خط لکھ کر حمایت کا یقین دلایا۔ عین جالوت کی تاریخی جنگ میں جب بیبرس نے منگولوں کو شکست دی، اس وقت ہلاکو ایران کی طرف تھا۔ شکست کی خبر ملتے ہی وہ بڑی فوج کے ساتھ انتقام کے ارادے سے نکلا مگر تاریخ نے ایک نیا منظر دیکھا کہ برکہ خان اپنی فوج کے ساتھ اس کے مقابل آ کھڑا ہوا۔ شدید سردی، برف سے ڈھکے میدان اور جما ہوا دریا جنگ کے دوران منگول فوج کا ایک بڑا حصہ برف ٹوٹنے سے دریا میں ڈوب گیا۔ اس غیر متوقع نقصان نے ہلاکو کو پسپا ہونے پر مجبور کردیا۔ اس شکست میں اس کا بیٹا بھی مارا گیا اور وہ آذربائیجان کی جانب واپس لوٹ گیا۔ یہ پہلا موقع تھا جب منگولوں کے اندرونی اختلافات نے ان کی طاقت کو کمزور کیا۔ برکہ خان کی اس جرات مندانہ حکمت عملی نے منگول اتحاد کو توڑ دیا۔ برکہ خان کی فتح نے نہ صرف مسلم دنیا کو حوصلہ دیا بلکہ منگولوں کے طرزِ فکر میں بھی تبدیلی کی بنیاد رکھی۔ شکستوں کے بعد کئی تاتاری مصر کا رخ کرنے لگے، جہاں انہیں پناہ اور حسن سلوک ملا۔ یہی رویہ ان کے اسلام قبول کرنے کا سبب بنا۔ 1266ء میں برکہ خان کا انتقال ہوا، مگر مختصر زندگی میں اس نے ثابت کیا کہ ایمان، حکمت اور جرات مل جائیں تو تاریخ کا دھارا بدلا جاسکتا ہے۔ برکہ خان صرف ایک منگول حکمران نہیں تھا بلکہ ایک ایسا کردار تھا جس نے طاقت کے بجائے اصول کو ترجیح دی۔ ماں کی تربیت، روحانی اثرات اور حق کی حمایت نے اسے تاریخ میں ایک منفرد مقام دیا۔

سی ٹی اسکین سے ہزاروں سال پرانے مصری پجاری بے نقاب، نمائش میں حیران کن انکشافات

لاس اینجلس، 18 فروری (یواین آئی) جدید سی ٹی اسکین نے قدیم مصر کے رازوں سے پردہ اٹھاتے ہوئے ماضی کے دریچے کھول دیے، 2200 سال پرانی ممیوں کی زندگی کی کہانی سنادی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق یو ایس سی کی کیک میڈیسن کے ماہرین نے جدید ترین سی ٹی اسکین ٹیکنالوجی کی مدد سے دو قدیم مصری پجاریوں کی ممیوں کے اندر چھپے رازوں کو بے نقاب کردیا جو گزشتہ بائیس سو برس سے زائد عرصے سے محفوظ تھیں۔ یہ دونوں ممیائیں پہلی نیس من 330) قبل مسیح) اور دوسری نیس ہور 190) قبل مسیح)، مکمل جسمانی سی ٹی اسکین کے ذریعے جانچی گئیں، حیرت انگیز طور پر سی ٹی اسکین سے نہ صرف ان کے چہرے کے خدوخال جیسے پلکیں اور ہونٹ واضح ہوئے بلکہ ان کی زندگی، صحت اور عمر کے بارے میں بھی اہم معلومات سامنے آئیں۔ یہ نایاب ممیائیں اور ان کے تھری ڈی ماڈلز 7 فروری کو کیلیفورنیا سائنس سینٹر میں منعقد ہونے والی نمائش میں عوام کے سامنے پیش کی گئیں۔ ریڈیالوجسٹ نے 320 سلائس والے جدید ترین سی ٹی اسکینر کی مدد سے ممیوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ نیس من کی ریڑھ کی ہڈی میں نچلے حصے کی ہڈی کے دب جانے کے آثار ملے، جو بڑھتی عمر اور جسمانی تھکن کا نتیجہ ہوسکتے ہیں بالکل ویسے ہی جیسے آج کے انسانوں کو کمر درد کی شکایت ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ کئی نوادرات بھی دفن کیے گئے تھے، جن میں اسکارب (مقدس بھنورے) اور مچھلی کی علامتیں شامل تھیں۔ دوسری جانب نیس ہور کے اسکین سے دانتوں کے شدید مسائل اور کولہے کی ہڈی کے بُری طرح خراب ہونے کے شواہد ملے اندازہ ہے کہ وہ نیس من سے زیادہ عمر تک زندہ رہا۔ منصوبے کی قیادت کرنے والی ڈاکٹر سمر ڈیکر کے مطابق جدید ٹیکنالوجی نے ان ممیوں کو ایک نئی زندگی دی ہے۔ اسکین سے حاصل شدہ تصاویر کو جوڑ کر مکمل تھری ڈی ڈیجیٹل ماڈلز تیار کیے گئے پھر جدید میڈیکل گریڈ تھری ڈی پرنٹرز کے ذریعے ان کی ریڑھ کی ہڈی، کھوپڑی، کولہے اور ساتھ ملنے والے نوادرات کی حقیقی جسامت میں نقل تیار کی گئی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ممیوں کے اندر جھانک کر کسی فرد کی اصل زندگی کو سمجھنا بے حد سنسنی خیز تجربہ ہے، یہ ٹیکنالوجی ہمیں قدیم تہذیبوں کی دنیا میں ایک نئی جہت فراہم کرتی ہے۔ قدیم مصر کے یہ دونوں پجاری اب بھی خاموش ہیں، مگر جدید سائنس نے ان کی ہڈیوں میں چھپی کہانیوں کو زبان دے دی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے وقت کی گرد ہٹتے ہی تاریخ نے خود بخود بولنا شروع کردیا ہو۔

کناڈا کی مسلح افواج اور معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے پہلی دفاعی صنعتی حکمت عملی جاری

اوٹاوا، 18 فروری (یواین آئی) وزیراعظم مارک کارنی نے کناڈا کی پہلی دفاعی صنعتی حکمت عملی کی نقاب کشائی کی، جس کا مقصد تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا کے تناظر میں قومی سلامتی کو مضبوط بنانا، زیادہ تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کرنا اور ملک کی تزویراتی خودمختاری کو تقویت دینا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بین الاقوامی قوانین پر مبنی کا فقدان اور تکنیکی ترقی کی وجہ سے تنازعات کی توسیع کناڈا کی دفاعی پالیسی میں تبدیلیوں کا متقاضی ہے۔ کناڈا کی نئی حکومت کناڈائی مسلح افواج (سی اے ایف) کی ازسرنو تعمیر، اسلحہ سے لیس اور دوبارہ سرمایہ کاری پر توجہ مرکوز کررہی ہے۔ کناڈا رواں مالی سال ناٹو میں اپنے 2 فیصد اخراجات کے ہدف کو حاصل کرنے کے راستے پر ہے، اور سی اے ایف میں شامل ہونے کی درخواستوں میں تقریباً 13 فیصد اضافہ ہوا ہے"۔ یہ اعلان اس وقت سامنے آیا ہے جب کناڈا کی حکومت سی اے ایف کو جدید بنانے، خریداری کو ہموار کرنے، اور گھریلو سپلائرس کو ترجیح دینے کی کوشش کررہی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ فوجیوں کو ان آلات سے لیس کیا جائے جن کی انہیں کناڈا اور اس کے اتحادیوں کا دفاع کرنے کے لیے ضرورت ہے۔ وزیراعظم مارک کارنی نے صنعتی حکمت عملی کو سلامتی اور خوشحالی دونوں کی بلیو پرنٹ قرار دیتے ہوئے کہا، " کناڈا کے دفاع کا کام کناڈا کی تعمیر کا کام ہے۔ ہماری نئی دفاعی صنعتی حکمت عملی اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ کناڈا خودمختار ملک رہے، جو اپنی تقدیر اپنے ہاتھوں سے سنوارے۔ " کناڈا کے دفاعی خریداری کے نظام پر طویل عرصے سے تنقید کی جاتی رہی ہے کہ وہ سست، حد سے زیادہ پیچیدہ، اور بین الاقوامی سپلائرس پر منحصر ہے، جس سے گھریلو کاروبار کے مواقع محدود ہوتے ہیں اور مسلح افواج کو ضروری سامان کی فراہمی میں تاخیر ہوتی ہے۔ نئی حکمت عملی میں کناڈا کے سپلائرس کو ترجیح دے کر، اختراع میں سرمایہ کاری، اور خریداری کے عمل کو ہموار کرکے ان چیلنجوں سے نمٹنے کی تدابیر موجود ہیں۔ سرکاری تخمینوں کے مطابق، حکمت عملی اگلی دہائی کے دوران دفاعی خریداری کے معاہدوں میں 180 بلین ڈالر اور دفاع سے متعلق 290 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کی راہ ہموار کرے گی، جس سے 2035 تک 125 بلین ڈالر کے اقتصادی فوائد حاصل ہوں گے۔ اس سے بڑی تنخواہ والی 125,000 سے زیادہ ملازمتیں پیدا ہونے، کناڈائی دفاعی برآمدات میں 50 فیصد اضافہ اور کناڈائی فرموں کو ملنے والے دفاعی پروجیکٹس میں 70 فیصد اضافہ ہونے کی توقع ہے۔

ابھیشیک بنرجی نے الیکشن کمیشن پر بنگال میں ووٹرلسٹ کی تیاری میں بے ضابطگیوں کا الزام لگایا

نئی دہلی/کولکاتہ، 18 فروری (یو این آئی) ترنمول کانگریس کے سینئر لیڈر ابھیشیک بنرجی نے بدھ کے روز الیکشن کمیشن پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ مغربی بنگال میں ووٹرلسٹ سے متعلق سرگرمیوں میں قانونی طریقہ کار کی خلاف ورزی اور سپریم کورٹ کی ہدایات کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ مسٹر ابھیشیک بنرجی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں سوال کیا کہ کیا انتخابی ادارہ یہ خیال کرتا ہے کہ سپریم کورٹ کی ہدایات کو صریحاً نظرانداز کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ سپریم کورٹ نے بار بار شفافیت، مناسب عمل اور مراسلات کے سرکاری ذرائع کی پابندی پر زور دیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ ہدایات رسمی اور جوابدہ طریقہ کار کے بجائے واٹس ایپ کے ذریعے بھیجی جا رہی ہیں۔ ترنمول کانگریس لیڈر نے مبصرین مروگن کے رول پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی منظوری سے متعلق ہدایات براہ راست واٹس ایپ گروپ کے ذریعے مبصرین کو دی جا رہی ہیں تاکہ ووٹرلسٹ سے حذف ہونے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ انہوں نے سپریم کورٹ کی ہدایت کا حوالہ دیا جس میں کہا گیا تھا کہ مائیکرو آبزرور کا کردار محض معاون ہونا چاہیے۔ انہوں نے سوال کیا کہ آئینی کام کو کس کی ہدایت پر نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ مسٹر ابھیشیک بنرجی نے ضلعی سطح کے مبصرین کو دی گئی لاگ ان آئی ڈی کے استعمال میں بے ضابطگیوں کا بھی الزام لگایا۔ ان کے مطابق، اگرچہ مبصرین کو ضلع کے لحاظ سے مقرر کیا گیا ہے، لیکن ان کے لاگ ان کی آئی ڈی کولکاتہ کے ایک مرکزی مقام سے استعمال کی جا رہی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ دہلی میں سیاسی آقاؤں کے اشارے پر لاگ ان ڈیٹا کا غلط استعمال کیا جا رہا ہے تاکہ ایک خاص کمیونٹی کو نشانہ بنایا جا سکے۔

بنگلہ دیش میں جماعت اسلامی کا عروج اور ہندوستان پر اس کے اثرات

خصوصی تحریر: **اسد مرزا**

نئی دہلی، 18 فروری (یو این آئی) بنگلہ دیش سے متوقع انتخابی نتائج آ چکے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے 297 حلقوں کے انتخابی نتائج کا اعلان کر دیا ہے، جس کے مطابق بی این پی نے 209 جب کہ جماعت اسلامی نے 70 نشستیں حاصل کی ہیں۔ تاہم جماعت اسلامی کی صرف 70 نشستوں پر فتح نے اس کی مقبولیت پر سوالیہ نشان بھی لگا دیا ہے۔ بنگلہ دیش میں ہونے والے انتخابات نہ صرف ملک کے لیے بلکہ پورے خطے کے لیے بڑی اہمیت کے حامل تھے۔ اس کے مرکز میں جماعت اسلامی (جے آئی) کی متوقع کارکردگی تھی۔ اس اسلام پسند جماعت نے 2024 میں سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کو معزول کرنے والی بغاوت کے دوران مظاہرین کے مطالبات سے ہم آہنگ ہونے کے بعد اہمیت حاصل کی تھی۔ شیخ حسینہ کی عوامی لیگ پارٹی، جس نے 15 سال حکومت کی تھی، اس پر ان مظاہروں کے بعد ملک کی سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینے اور 2026 میں ہونے والے انتخابات پر پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ جماعت اسلامی نے انتخابات میں اتحاد کی قیادت کی، جس میں نیشنل سٹیزن پارٹی (این سی پی) بھی شامل ہے، جسے نوجوان کارکنوں نے تشکیل دیا تھا اور اس نے حسینہ حکومت کو گرانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ شکست کے باوجود جماعت اسلامی نے اپنی اب تک کی سب سے زیادہ 70 نشستیں حاصل کیں اور خود کو ایسے مقام پر لا کھڑا کیا، جسے تجزیہ کار ایک "بہت مضبوط اپوزیشن "کے طور پر بیان کرتے ہیں، جو مستقبل کی پارلیمانی بحث کو متاثر کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ تاریخی طور پر جماعت کو پاکستان کا حامی دیکھا گیا ہے، اس کے کئی رہنماؤں کو 1971 کے جنگی جرائم کے لیے بین الاقوامی جرائم کے ٹریبونل کی طرف سے مقدمہ چلانے کے بعد پھانسی بھی دی جا چکی ہے۔ ساتھ ہی اس سے قبل بھی بی این پی اور جے آئی حکومتی اتحاد کے شراکت دار رہ چکے ہیں، مثلاً 2001 سے 2006 تک بی این پی کی خالدہ ضیاء کی حکومت میں وہ شامل رہ چکی ہے۔ جماعت کو 2014 میں ہونے والے انتخابات میں شامل ہونے سے روک دیا گیا تھا اور یکم اگست، 2024 کو حسینہ حکومت کی طرف سے اس پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی تھی کیوں کہ وہ اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہی تھی۔

ہندوستان کے لیے تشویش کی وجہ

تاہم بنگلہ دیش میں ایک نئی سیاسی حقیقت پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔ حسینہ حکومت کے آخری مرحلے میں، خاص طور پر 2021 کے بعد ہندوستان مخالف جذبات اور پاکستان حامی عناصر میں اضافہ دیکھا گیا۔ مزید یہ کہ یونس کی زیر قیادت نگراں سیٹ اپ میں بنیاد پرستوں اور اسلام پسند انتہا پسندوں کو کھلی چھوٹ دی گئی۔ بی این پی-جماعت کی پچھلی حکومت (2001-2006) ہندوستان کے لیے ایک ڈراؤنا خواب تھا۔ ہندوستان مخالف دہشت گرد اور جہادی عناصر نے ہندوستان مخالف سرگرمیوں کے لیے بنگلہ دیشی سرزمین استعمال کی۔

جماعت اسلامی کی تاریخ

جماعت اسلامی، جسے غلطی سے دیوبندی اسلامی جماعت کے طور پر بیان کیا جا رہا ہے، اس کا تعلق کسی بھی طرح سے ہندوستان کے دارالعلوم دیوبند، ہندوستان سے نہیں ہے اور اس لیے اسے دیوبندی تنظیم قرار نہیں دیا جا سکتا۔ ☆ درحقیقت، بنگلہ دیش کی جماعت اسلامی پاکستان کی جماعت اسلامی سے اپنی اصل اور فلسفیانہ جھکاؤ کی مرہون منت ہے، جس کی بنیاد مولانا ابوالاعلیٰ مودودی نے رکھی تھی۔ ☆ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی 25) ستمبر 1903 - 22 ستمبر 1979) ایک ممتاز اسلامی اسکالر، ماہر الہیات، سیاسی فلسفی اور برطانوی ہندوستان کے سیاست دان تھے، جو بعد میں پاکستان میں مقیم ہو گئے تھے۔ انہوں نے 1941 میں جماعت اسلامی کی بنیاد رکھی، جس نے شریعت کے تحت چلنے والی اسلامی ریاست کو فروغ دینے کی کوشش کی۔ ☆ مولانا مودودی نے حیدرآباد کے مختلف اسلامی اداروں میں اسلامی الہیات کا مطالعہ کیا اور جدید فلسفہ اور مغربی افکار کے ساتھ گہرا تعلق قائم کیا، جس نے جدیدیت پر ان کی تنقید کو شکل دی۔ انھوں نے اپنی سیاسی سرگرمیوں اور تحریروں کی وجہ سے مختلف حکومتوں کے تحت برسوں جیل میں گزارے، جن میں احمدیہ کمیونٹی پر تنقید کرنے پر سزائے موت (بعد میں تبدیل) بھی شامل ہے۔ ☆ مولانا مودودی نے جنوبی ایشیا میں سیاسی اسلام کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے تقسیم ہند کی مخالفت کی لیکن بعد میں پاکستان کو اسلامی ریاست بنانے پر توجہ دی۔

میک مائی ٹرپ نے کسٹمر بیس میں اضافہ کے لیے اوپن اے آئی کے ساتھ معاہدہ کیا

نئی دہلی، 18 فروری (یو این آئی) آن لائن ٹریول کمپنی میک مائی ٹرپ نے اپنے کسٹمر بیس کو بڑھانے کے لیے مصنوعی ذہانت (اے آئی) سیکٹر کی کمپنی اوپن اے آئی کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ میک مائی ٹرپ نے بدھ کے روز ایک پریس ریلیز میں کہا کہ وہ اے آئی پر مبنی ٹریول سرچ کو مزید مضبوط بنانے اور سیاحت سے متعلق تلاش کو" کیپچر کرنے کے لیے "اوپن اے آئی کے ساتھ تعاون کرے گا۔ کمپنی اپنے ایپ میں نئی اے آئی سہولیات کو فعال کرنے کے لیے اوپن اے آئی کے ایپلیکیشن پروگرامنگ انٹرفیس (اے پی آئی) کا استعمال کر رہی ہے، جس سے مسافر میک مائی ٹرپ کے مائرا انٹرفیس کے اندر ہی بات چیت کرتے ہوئے براہ راست بکنگ تک آسانی سے پہنچ سکیں۔ میک مائی ٹرپ کے شریک بانی اور گروپ سی ای او راجیش مگو نے کہا، "اوپن اے آئی کے ساتھ ہمارا تعاون اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ جب مسافر گفتگو کے ذریعے اپنا سفر شروع کرتے ہیں، تو میک مائی ٹرپ اس تلاش کے عمل کا ایک ہموار توسیع بن جائے۔"

وزیراعلیٰ نے آسنسول کے شوٹر ابھیمنو ساؤ کو توصیفی سند بھیجی

آسنسول :18 ؍فروری،(عوامی نیوز سروس): آسنسول کے نوجوان شوٹر ابھیمنو ساؤ نے وقتاً فوقتاً اپنی پرفارمنس سے نہ صرف ملک میں بلکہ بیرون ملک بھی آسنسول کا نام روشن کیا ہے۔ذرائع سے موصولہ اطلاع کے مطابق ابھینو کی ان کارکردگیوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے ریاست کی وزیراعلیٰ ممتا بنرجی نے انہیں اعزازی سٹیفکیٹ بھیجا ہے۔ آج آسنسول میونسپل کارپوریشن کے ڈپٹی میئر ابھیجیت گھٹک ابھینو کے گھر گئے اور ممتا بنرجی کا یہ سٹیفکیٹ ابھینو کو دیا اس موقع پر ابھیجیت گھٹک نے کہا کہ یہ ان کے لیے بڑے فخر کی بات ہے کہ آج وہ خود وزیراعلیٰ ممتا بنرجی کی طرف سے ابھینو کو دیا گیا۔

